Cambridge International A Level

**Cambridge International Examinations**
Cambridge International Advanced Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2018**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**Invigilators must refer to the Additional Materials List for instructions on the use of set texts in the examination.**

*8355619050*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, glue or correction fluid.
DO **NOT** WRITE IN ANY BARCODES.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

**سب سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھیے**

اگر آپ کو جوابی پرچہ مہیا کیا گیا ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔

اپنا نام سنٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر جوابی پرچے پر لکھیے۔

گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے لکھیے۔

اسٹیپل، پیپر کلپ، ہائی لائیٹر، گوند، کریکشن فلوئڈ کا استعمال مت کیجیے۔

کسی بھی بار کوڈ پر کچھ نہ لکھیے۔

کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔

آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے جوابات مہیا کیے گئے جوابی پرچے میں **اردو** میں لکھیے۔

آپ کا ہر جواب 500 سے 600 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔

لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

آپ کو اپنے جوابات کے درمیان یکساں طور پر اپنے وقت کو تقسیم کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

امتحان کے آخر میں تمام جوابی پرچوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیجیے۔

اس پرچے میں دیے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

DC (KI) 144937/3
© UCLES 2018

CAMBRIDGE
International Examinations

**[Turn over**

https://xtremepape.rs/

کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔

## پہلا حصہ

## 1 غزلیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a) ارض و سما کہاں تری وسعت کو پا سکے　　میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے
وحدت میں تیری حرف دوئی کا نہ آسکے　　آئینہ کیا مجال تجھے منہ دکھا سکے
میں وہ فتادہ ہوں کہ بغیر از فنا مجھے　　نقش قدم کی طرح نہ کوئی اٹھا سکے
قاصد نہیں یہ کام ترا اپنی راہ لے　　اس کا پیام دل کے سوا کون لا سکے
غافل خدا کی یاد پہ مت بھول زینہار　　اپنے تئیں بھلا دے اگر تو بھلا سکے
(درؔد)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) درؔد کی شاعری پر تصوف کا رنگ غالب نظر آتا ہے۔ مندرجہ بالا غزل کی روشنی میں تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔

یا

(b) حسرؔت کی شاعری انسانی جذبات کی ترجمانی کرتی ہے۔ اشعار کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

© UCLES 2018

https://xtremepape.rs/

2 نظمیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

ان کالی صدیوں کے سر سے جب رات کا آنچل ڈھلکے گا
جب دکھ کے بادل پگھلیں گے جب سکھ کا ساگر چھلکے گا
جب امبر جھوم کے ناچے گا جب دھرتی نغمے گائے گی
وہ صبح کبھی تو آئے گی
جس صبح کی خاطر جگ جگ سے ہم سب مر مر کر جیتے ہیں
جس صبح کے امرت کی دھن میں ہم زہر کے پیالے پیتے ہیں
ان بھوکی پیاسی روحوں پر اک دن تو کرم فرمائے گی
وہ صبح کبھی تو آئے گی

(ساحر)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) یہ نظم جاگیردارانہ نظام کے خلاف ایک آواز ہے۔ تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔

یا

(b) فیض کی شاعری نے قلم کو ہتھیار کا درجہ دیا ہے۔ اشعار کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔



https://xtremepape.rs/

## 3 نظمیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

پرندوں کی طرح شاخوں میں چھپ کر جھولتا مڑتا
مجھے اک لڑکا آوارہ منش آزاد سیلانی
مجھے اک لڑکا جیسے تند چشموں کا رواں پانی
نظر آتا ہے یوں لگتا ہے جیسے یہ بلائے جاں
مرا ہمزاد ہے ہر گام پر ہر موڑ پر جولاں
اسے ہمراہ پاتا ہوں یہ سائے کی طرح میرا
تعاقب کر رہا ہے جیسے میں مفرور ملزم ہوں
یہ مجھ سے پوچھتا ہے اخترالایمان تم ہی ہو؟

(اخترؔالایمان)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) اس نظم میں شاعر نے انسانی زندگی میں پیش آنے والے نفسیاتی مسائل کو بڑے خوبصورت انداز سے پیش کیا ہے۔ اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔

یا

(b) جوشؔ کی شاعری میں انقلاب کا پہلو کس حد تک نمایاں ہے۔ اشعار کے حوالے سے بحث کیجیے۔



https://xtremepape.rs/

## دوسرا حصہ

**4** امراؤجان ادا، مرزا رسوا

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

**(a)** امراؤجان ادا ایک ایسے معاشرے کی کہانی ہے جہاں گناہ کو گناہ نہیں سمجھا جاتا۔ بحث کیجیے۔

یا

**(b)** امراؤجان ادا کی زندگی میں آنے والا ہر مرد خود غرض تھا۔ تبصرہ کیجیے۔

**5** افسانے

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

**(a)** خورشید عالم ایک لالچی یا مجبور انسان۔ تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** افسانہ کفن کی کہانی ہمارے معاشرے کا ایک کڑوا سچ ہے۔ اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

**6** انارکلی، امتیاز علی تاج

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

**(a)** دلآرام نے مغلیہ سلطنت کو تباہ ہونے سے بچالیا۔ اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

یا

**(b)** اکبر بادشاہ ظالم یا مظلوم۔ تبصرہ کیجیے۔



https://xtremepape.rs/

BLANK PAGE

© UCLES 2018 

https://xtremepape.rs/

**BLANK PAGE**



https://xtremepape.rs/

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge International Examinations Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cie.org.uk after the live examination series.

Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.



https://xtremepape.rs/